Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۴۵ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۱ شعبان المعظم ۱۳۵۵ھ مطابق ۷ نومبر ۱۹۳۶ء جلد ۶

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

۱	منظوری رخصت لفٹنٹ شریف اللہ خاں کمپنی کمانڈر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری	۲
۲	اطلاع بابت خاموشی تاریخ ۱۱ نومبر ۱۹۳۶ء (بوقت ۱۱ بجے دن) بیادگار صلح جنگ عظیم	//

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم :- واقع ۶ نومبر ۱۹۳۶ء

بر عرضداشت عالی مرتبت جناب صاحب آفیسر کمانڈنگ بہادر بابت درخواست حصول حکم منظوری رخصت اتفاقیہ پانچ یوم مطلوبہ لفٹنٹ شریف احمد خاں کیپٹن کمانڈر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری از ۵ لغایت ۹ نومبر ۱۹۳۶ء بغرض شرکت شادی برادر خورد۔

بموجب رپورٹ لفٹنٹ شریف احمد خاں کیپٹن کمانڈر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کی رخصت اتفاقیہ پانچ یوم از ۵ لغایت ۹ نومبر ۱۹۳۶ء منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

بائی آرڈر

دستخط عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر

حکم :- واقع ۵ نومبر ۱۹۳۶ء

صلح کا آغاز نومبر کی گیارھویں تاریخ کو دن کے گیارہ بجے ہوا تھا اسلئے ۱۱ نومبر کو جنگ عظیم ختم ہونے کی یادگار منائی جاتی ہے۔ جن لوگوں نے اس جنگ میں اپنی عزیز جانیں تلف کی ہیں ان کی یادگار میں تمام مملکت میں دو منٹ کی خاموشی کا پروگرام ۱۱ نومبر کو ہوتا ہے۔ امسال بھی ۱۱ نومبر ۱۹۳۶ء کو گیارہ بجے ایک توپ سر ہوگی اور دوسری گیارہ بجکر دو منٹ پر تمام کاروبار اس عرصہ دو منٹ میں رکا رہیگا اور دو منٹ تک خاموشی رہیگی تمام کاریں اور ٹریفک بند رہیگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔ بائی آرڈر۔

دستخط فار عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر